وہ ایک جس نے آپ کے لیے اپنی زندگی دے دی

وہ ایک جس نے آپ کے لیے اپنی زندگی دے دی

خدا نے انسان کو اپنی صورت پر پیدا کیا ۔ وہ خدا کے ساتھ شراکت ، سلامتی اور خوشی کو اور اپنے

بدن میں اچھی صحت کو رکھتا تھا ۔ لیکن جب اُس نے گناہ کیا ، اُس نے اُس موافقت کو کھو دیا جسے وہ خدا کے ساتھ رکھتا تھا ، اپنے اندر سلامتی اور خوشی کو کھو دیا ، غم و افسوس کا شکار بنا ، اپنے بدن میں بیماری میں گر پڑا ، اور اپنی روح ، جان اور بدن میں بے قرار بنا ایسے شخص کو بچانے کے لیے اور اُس کے لیے تجدید کرنے کے لیے اُس سب کو جسے وہ کھو چُکا تھا ، ہمارا خالق خدا تقریباً 2000 سال قبل یسوع کے نام پر بدن اور خون کے ساتھ اِس دُنیا میں پیدا ہوا ۔ وہ گناہ کے بغیر پیدا ہوا ۔ اِس گناہ آلودہ دُنیا میں بے گناہ زندگی بسر کرتے ہوئے ، وہ گاوں گاو ں اور شہر شہر لوگوں کی بھلائی کرتا رہا ۔ اُس نے اندھوں کو بینائی دی ، بہروں کو سُننے کے قابل بنایا ، گونگوں کو گویائی دی ، کوڑھیوں کو شفا دی ،

اُن کو چھڑایا جو ابلیس کے قبضے میں تھے اور غریبوں کو انجیل کی منادی کی ۔ یہاں خون بہائے گناہ کی معافی نہیں ہے ۔ قانون کے مطابق ، جو کہتا ہے کہ جان کے لیے کفارہ خون سے کیا گیا ،



ہمارے خداوند یسوع نے ساری بنی نوع انسانیت کے لیے اپنا خون بہایا اور صلیب پر مرنے کے لیے اپنے آپ کو حوالے کر دیا ۔ رومی سپاہی انچ انچ پر اُسے اذیت دیتے رہے ، اُنھوں نے کانٹوں کا تاج اُس کے سر پر رکھا ، اُنھوں نے کوڑے اور چھڑی سے اُسے مارا ، پھر اُسے مصلوب کیا گیا اور تین کیلوں کے ساتھ لٹکا دیا گیا ۔ خداوند یسوع ، جو گناہ کو نہیں جانتا تھا ، ج نے گناہ نہیں کیا اور جس میں گناہ نہیں تھا ، وہ ہماری خطاوں کی خاطر گھایل کیا گیا ۔ ہماری غلطیوں کے لیے اُسے گھسیٹا گیا ۔ سزا جسے ہمارے لیے سلامتی لانا تھی وہ اُس پر تھی ۔ گناہ کی مزدوری موت ہے ۔



خداوند یسوع نے اپنے اوپر اُس
سزا کو اُٹھا لیا جسے انسان کو اپنے
گناہوں کے لیے حاصل کرنا تھی
اور صلیب پر مرنا تھا۔
«لیکن خدا اپنی محبت کی خوبی
ہم پر یوں ظاہر کرتا ہے کہ جب
ہم گناہگار ہی تھے تو مسیح ہماری
خاطر موا» (رومیوں 5: 8)
خداوند یسوع نا صرف صلیب پر
مرا، بلکہ جیسے وہ پہلے ہی بتا چُکا تھا، کہ اُسے موت اور جہنم
پر بھی غالب آنا تھا اور تیسرے دن مردوں میں سے جی اُٹھنا
تھا۔ وہ جی اُٹھا، اوپر آسمان پر چڑھ گیا اور ابھی تک ہمارے لیے
زندہ ہے۔ عزیز دوست! جب آپ دکھوں اور اذیتوں پر غور
کرتے ہیں جسے یسوع نے آپ کے لیے برداشت کیا، تو آپ کا
پتھر دل پگھل جائے گا۔ اور آنسوؤں
کے ساتھ اگر آپ اپنے گناہوں اور
خطاؤں کے لیے خداوند سے معافی کی
درخواست کرتے ہیں، تووہ آپ ک



گناہ معاف کرے گا اور آپ کو سلامتی ، خوشی اور آرام دے گا ۔ « اُس کے بیٹے یسوع کا خون ہمیں تمام گناہ سے پاک کرتا ہے ۔۔۔ اگر اپنے گناہوں کا اقرار کریں ، تو وہ ہمارے گناہوں معاف کرنے میں عادل اور سچا ہے »(1 یوحنا 1 : 7 -9)۔ یسوع مسیح نا صرف ہمارے گناہوں کے لیے صلیب پر مرا ، بلکہ ہماری بیماریوں کے لیے ۔ « اُس نے آپ ہماری کمزوریاں لے لیں اور بیماریاں اُٹھا لیں »(متی 8: 17) ۔» اُس کے مار کھانے سے ہم نے شفا پائی »(یسعیاہ 53: 5)۔ انسان کے گناہ کی وجہ سے ، لعنت آئی اور لعنت کی وجہ سے ، بیماری اُس پر آئی ۔ خداوند یسوع نے صلیب پر ہماری بیماریوں کو برداشت کیا ۔ اگر ہم یقین رکھتے ہیں کہ ہم اُس کے کوڑے کھانے سے شفا پاتے ہیں ، تو ہم اپنی بیماریوں سے کامل چھٹکارہ پاتے ہوئے زندگی بسر کر سکتے ہیں ۔ عزیز دوست ! اگر آپ ایمان رکھتے ہیں کہ خداوند یسوع

جس نے آپ کے لیے اپنی زندگی سی وہ جی اُٹھا ہے اور ابھی تک آپ کے لیے زندہ ہے ، تو آپ اُس کے خون کے وسیلہ اپنے گناہوں اور بیماریوں سے چھٹکارہ حاصل کر سکتے ہیں ۔ یسوع مسیح آپ کو پیار کے ساتھ آسمان پر پہنچنے کے لیے پاک زندگی کی طرف راہنمائی کرنے کے لیے بُلاتا ہے ۔ اگر آپ شاندار برکات کو حاصل کرنے کی خواہش کرتے ہیں جسے یسوع مسیح کی موت کے وسیلہ حاصل کیا گیا ، نیچے دی گئ

دعا پڑھیں :

« اے خداوند یسوع، میرا ایمان ہے تو نے میرے گناہوں کے لیے ، کلوري کی صلیب پر اپنی زندگی دی ۔ مہربانی سے میرے گناہ معاف کر ۔ مجھے صاف کراور اپنے خوُن کے ساتھ مجھے پاک کر ، مَیں تجھے اپنے ذاتي نجات دہندہ اور خدا کے طور پر قبول کرتا ہوں ، چنانچہ میں تیرے فرزند کی طرح رہوں گا ۔ آمین »